© rasailojaraid.com



یوسف سجاد کی دو جلدیں مولانا مرحوم نے اپنی نگرانی اور سرپرستی میں اپنی زندگی میں ہی شائع کی تھیں۔اب حال ہی میں مولانا محمد علی جانباز کی خدمات پر ایک جامع تذکرہ مولانا عبدالحنان جانباز صاحب نے اپنے رفقاء ملک عبدالرشید عراقی اور ابوعمر سوہدروی صاحب کے ساتھ مل کر مرتب کیا اور اس کی اشاعت کا اہتمام فرمایا ہے۔ یہ کتاب سات ابواب میں منقسم اور 912 صفحات پر محیط ہے۔ پہلا باب ''نقوش حیات جاوداں'' کے نام سے موسوم ہے، دوسرا باب سیر وسوانح' تیسرا باب مقدمہ شارح' چھوتھا باب اخبار و آثار' پانچواں باب علمی و دینی کارنامے' چھٹا باب معاصرین کی نظر میں' ساتواں باب یادگار نوادرات پر مشتمل ہے۔ان ابواب میں نامور اہل قلم' مولانا مرحوم کے ارادت مندوں اور شاگردوں کے مضامین شامل ہیں۔اور خوبصورت پیرائے میں مولانا جانباز کی تعلیمی' تدریسی اور تصنیفی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔کتاب دلچسپ معلومات کا خوب صورت مجموعہ ہے، ہر لکھاری نے اپنے اسلوب میں مولانا کا تذکرہ محبت و خلوص کے ساتھ کیا ہے۔اس کتاب کی اشاعت پر ہم محترم عبدالحنان جانباز اور ان کے رفقاء کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہوئے امید رکھتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی اپنے عالی مرتبت بزرگ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مسلک اہل حدیث کے فروغ اور دینی فریضہ کی ادائیگی میں سرگرم عمل رہیں گے۔

کتاب ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ رحمان مارکیٹ اردو بازار لاہور

☆☆☆☆☆

## حرمت رسول ﷺ اور آزادی رائے

مصنف: رانا محمد شفیق خاں پسروری

صفحات: 169 قیمت درج نہیں

ناشر: فیض اللہ اکیڈمی اردو بازار لاہور

ملنے کا پتہ: دفتر مرکزی جمعیت اہلحدیث 106 راوی روڈ لاہور

یہود و نصاریٰ شروع دن سے ہی اسلام اور پیغمبر اسلام کے دشمن رہے ہیں۔تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے مختلف حیلوں' بہانوں سے حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ان کی طرف سے دشمنی اور قلبی شقاوت کا سلسلہ صدیوں سے چلا آرہا ہے اور وہ آئے روز کسی نہ کسی طریقے سے پیغمبر اسلام ﷺ کی توہین کر کے مسلمانوں کی دل آزاری کا سامان کرتے رہتے ہیں۔عصر احوال میں بھی انہوں نے یہ سلسلہ پوری سرگرمی سے شروع کر رکھا ہے۔ کبھی وہ قرآن مقدس کو جلانے کی مذموم کوشش کرتے ہیں، کبھی ہمارے پیارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کے خاکے بناتے ہیں اور اب انہوں نے ایک توہین آمیز فلم بنا کر اپنے خبث باطن کا اظہار کیا ہے اور اس کو انہوں نے آزادی رائے کا نام دیا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی مذہب انبیائے کرام کی توہین کو صحیح قرار نہیں دیتا۔آج مغرب نے جو روش اختیار کی ہے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حضرت محمد ﷺ کا سچا اور پکا امتی ہونے کے ناطے ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے دل میں محبت مصطفےٰ ﷺ کو جاگزیں کریں اور پوری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شدت سے آپ ﷺ کی ذات اقدس کا دفاع کریں اور مغرب کی طرف سے جو اعتراضات اور طوفان بدتمیزی بپا ہے اس کا منہ بند کریں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جزائے خیر سے نوازے ہمارے مسلک کے عظیم و نامور خطیب و مقرر اور مصنف محترم رانا محمد شفیق خاں پسروری صاحب کو کہ انہوں نے حالات کی نزاکت اور یورپ کے رویے کو دیکھتے ہوئے پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کے دفاع میں اپنے قلم سے ایسے مضامین رقم کیے کہ جن سے یورپ کے منفی پروپیگنڈے کا ڈھول بیچ چوراہے میں پھوڑ دیا۔ اس کتاب میں رانا صاحب نے اکیس عنوانات پر خامہ فرسائی کی ہے اور ان میں نبی ﷺ کی عظمت ورفعت' بیان کرتے ہوئے اغیار کی تحریریں اور غیر مسلم شعراء کے نعتیہ کلام کے نمونے بھی دیے ہیں۔ دیگر یہ کہ گستاخ رسول ﷺ کی سزا اور آزادی رائے' اسلام دشمنی کا اصل سبب' قانون توہین رسالت اور غیر مسلم زعماء' امریکہ میں اسلام وغیرہ عنوانات پر بڑے شاندار انداز میں بحث کی ہے۔ بہر حال یہ کتاب ایک عاشق رسول ﷺ کی طرف سے لکھی گئی گراں قدر تحریر ہے۔ اس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لیے از حد ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ رانا صاحب کی اس کاوش کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین۔

## تعارف القرآن

مصنف: ملک عبدالرشید عراقی حفظہ اللہ

صفحات: 400 قیمت: 500 روپے

ناشر: مکتبہ جمال تیسری منزل، حسن مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-3723731

قرآن مجید اللہ تبارک وتعالیٰ کی نازل کردہ کتاب ہے جو حضرت محمد ﷺ پر وحی کے ذریعے اتاری گئی۔ قرآن مجید کا پڑھنا پڑھانا جہاں خیر وبرکت کا باعث اور اجر وثواب کا موجب ہے وہیں اس کتاب ھدیٰ کا سمجھنا بھی از حد ضروری ہے۔ اسے ایک المیہ کہہ لیجئے یا اپنی کوتاہی کہ ہم قرآن مجید کو ثواب کی غرض سے پڑھتے تو ہیں لیکن اس کا ترجمہ پڑھنے اور احکام الٰہی کی طرف توجہ نہیں کرتے کہ قرآن مجید کیا پیغام دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ بھلا کرے ہمارے بزرگ دوست جماعت اہلحدیث کے معروف مصنف محترم ملک عبدالرشید عراقی صاحب کا کہ انہوں نے اس فکر کو ملحوظ رکھ کر پیش نگاہ کتاب مرتب کی۔ اس کتاب میں انہوں نے قرآن مجید کی 114 سورتوں کا شان نزول' وجہ تسمیہ اور ان میں بیان کیے جانے والے اہم واقعات کی نشان دہی کرتے ہوئے خوبصورت پیرائے میں قرآنی معلومات کو درج کیا ہے۔ انہوں نے تعارف القرآن میں مستند تفاسیر اور کتب احادیث سے حوالے دیئے ہیں۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے والوں کے لیے یہ کتاب بیش بہا معلومات کا خزینہ ہے۔ کتاب کا مقدمہ بھی خوب ہے اس میں قرآن مجید کے بارے بڑی اہم معلومات دی گئی ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ' کاغذ اور جلد بندی معیاری ہے البتہ قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ بہر حال کتاب مجموعی طور پر بہت اچھی ہے جس پر لائق مصنف بجا طور پر تحسین مبارک کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو عوام کے لیے ہدایت اور مصف موصوف کے لیے ذریعہ نجات بنائے، آمین۔

© rasailojaraid.com